"زمین اور ستارے کیونکر پیدا ہوئے؟" "آواز نویسی" اور "لوہا کیا چیز ہے؟"

کتاب کی طباعت بہت اچھی ہے۔ جلد بھی دیدہ زیب اور خوبصورت ہے۔ البتہ تصحیح احتیاط سے نہیں ہوئی۔ کچھ غلطیاں رہ گئی ہیں۔

پہلے حصہ کی قیمت ساڑھے چار روپے، دوسرے کی چار روپے، اور تیسرے کی بھی چار روپے ہے۔

اردو نامہ | یہ ترقی اردو بورڈ کا باتصویر مجلّہ ہے جو کراچی سے شائع ہوتا ہے۔ اس کے نگران ممتاز حسن صاحب سابق معتمد مالیات حکومت پاکستان ہیں۔ ادارۂ تحریر میں جوش ملیح آبادی، شان الحق حقی، اور خواجہ حمید الدین شاہد ہیں۔ سالانہ چندہ چار روپے۔ پتہ، اردو منزل جمشید روڈ کراچی۔

امر واقعہ یہ ہے کہ ممتاز حسن صاحب نے اردو کو قومی زبان بنانے کے سلسلہ میں جس جدوجہد کا ثبوت دیا ہے وہ انہی کے عزم جواں کا کرشمہ ہے۔ ان کی یہ خدمات آب زر سے لکھی جائیں گی۔ ادارۂ تحریر میں شان الحق حقی کی شرکت اس بات کی ضمانت ہے کہ پرچہ کا معیار بلند رہے گا۔

ہمیں امید ہے کہ ترقی اردو بورڈ اردو کی گراں بہا خدمات انجام دے گا اور "اردو نامہ" اردو صحافت کی تاریخ میں ایک ممتاز مقام حاصل کرے گا۔

(رئیس احمد جعفری)

اردو ڈائجسٹ (سالنامہ) | مدیر مسؤل: الطاف حسن قریشی ایم۔ اے

ملنے کا پتہ: ماہنامہ اردو ڈائجسٹ۔ سمن آباد۔ لاہور (پاکستان)

آج کل ترقی یافتہ ممالک میں وقت کی قدر و قیمت اتنی بڑھ گئی ہے اور لوگ اس قدر مصروف رہتے ہیں کہ مختلف رسائل و جرائد اور کتابیں پڑھنے کے لیے وہ زیادہ وقت نہیں نکال سکتے۔ چنانچہ ایسے انتخابی رسائل عام طور پر پسند کیے جاتے ہیں جن میں مختلف رسالوں سے علمی، ادبی، تفریحی ہر قسم کے منتخب مضامین اور طویل مقالوں اور مقبولِ عام کتابوں کے خلاصے شائع ہوتے ہیں۔ اگرچہ ہمارے یہاں اس قسم کی کوئی مجبوری نہیں اور ہمارے پاس وقت ضرورت سے بھی زیادہ ہے تاہم انتخابی رسائل یہاں بھی مقبول ہونے لگے ہیں۔ کیونکہ ان میں مختلف رسالوں کے بہترین مضامین، تراجم اور خلاصوں کی شکل میں یکجا مل جاتے ہیں جو پڑھنے والوں کے لیے نہ صرف

دلچسپ بلکہ مفید بھی ہوتے ہیں۔

اردو میں اس نوعیت کا بہترین رسالہ "اردو ڈائجسٹ" ہے جس کا سالنامہ بڑے اہتمام سے شائع کیا گیا ہے۔ ادارہ نے اس سالنامے کے لیے مفید، دلچسپ اور معلومات افزا مضامین اور اچھے افسانے منتخب کیے ہیں اور کچھ مضامین خاص ڈائجسٹ کے لیے لکھوائے ہیں جو اس شمارہ میں نمایاں اہمیت رکھتے ہیں۔ انگریزی رسالوں سے جن میں ریڈرز ڈائجسٹ، ورلڈ ڈائجسٹ، جاگرفیکل میگزین، لائف اون اَوَر ورلڈ، سائنس ڈائجسٹ اور کارونٹ جیسے اعلیٰ درجہ کے رسائل شامل ہیں ترجمے کے لیے اچھے مضامین کا انتخاب کیا گیا ہے۔ جسٹس ایس۔ اے رحمٰن، ایم۔ آر کیانی، ڈاکٹر سید عبداللہ، چودھری نذیر احمد، جعفر شاہ پھلواروی، ماہر القادری اور اثر صہبائی نے زندگی کے ناقابلِ فراموش لمحات قلم بند کیے ہیں۔ الطاف حسن قریشی نے بڑے موثر انداز میں مولانا مودودی کی شخصیت پر روشنی ڈالی ہے اور ڈاکٹر سید عبداللہ نے پاکستانی کلچر کے بارے میں اپنے خیالات ظاہر کیے ہیں جو غور طلب اور فکر انگیز ہیں۔ ان کے علاوہ خاص لکھنے والوں میں حمید احمد خاں، نصراللہ خاں عزیز، پرویز کاکوی، کرشن چندر، شفیق الرحمان اور اقبال حسین بھی شامل ہیں۔ مستقل عنوانات کے تحت اس شمارہ میں بھی مختلف ذوق رکھنے والوں کو اپنی پسند کے مضامین مل جاتے ہیں۔ تاہم پاکستان سے متعلق مضامین کی کمی شدت سے محسوس ہوتی ہے اور اردو کے علمی و ادبی رسائل کو تو یکسر نظر انداز کر دیا گیا ہے۔ اگر ادارہ اس جانب بھی ضروری توجہ کرے تو رسالہ کی افادیت میں بہت اضافہ ہو جائے گا۔

سالنامہ صوری و معنوی ہر لحاظ سے قابل ستائش ہے۔ کتابت وطباعت معیاری ہے۔ سرورق جاذب نظر ہے، اور کئی دلچسپ کارٹون بھی ہیں۔ صفحات ۳۰۲۔ قیمت ۲٫۵۰ روپے

(ش۔ م)